PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی نے 8 اکتوبر سے ویمنز ہائی پرفارمنس کیمپ کے آغاز کا اعلان کر دیا

- اکتیس اکتوبر تک جاری رہنے والے کیمپ میں طلب کردہ ستائیس خواتین کرکٹرز سمیت اسپورٹ اسٹاف کراچی کے بائیو سیکیور ببل میں رہیں گے

لاہور، 2 اکتوبر 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کے لیے ویمنز ہائی پرفارمنس کیمپ کا اعلان کر دیا ہے۔ کیمپ 8 سے 31 اکتوبر تک حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی میں لگے گا۔ پی سی بی پہلے ہی تیس ستمبر سے شروع ہونے والے ڈومیسٹک سیزن میں شیڈول مینز اور انڈر 19 سطح کی کرکٹ سرگرمیوں کا اعلان کر چکا ہے۔

پی سی بی نے کیمپ کے لیے 27 خواتین کھلاڑیوں کو کراچی طلب کر لیا ہے، جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

ایمن انور، عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، عائشہ ظفر، ناہیدہ خان، بسمہ معروف، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء، ارم جاوید، جویریہ رؤف، جویریہ خان، کائنات امتیاز، کائنات حفیظ، ماہم طارق، منیبہ علی، نجیہ علوی، نشرہ سندھو، نتالیہ پرویز، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، رامین شمیم، صباء نزیر، سعدیہ اقبال، سدرہ امین، سدرہ نواز اور سیدہ عروب شاہ۔

اس دوران کراچی کے مقامی ہوٹل میں بائیو سیکیور ببل بنایا جائے گا، جہاں داخلے کے لیے ان 27 کھلاڑیوں سمیت اسپورٹ سٹاف کے مسلسل 2 کوویڈ 19 ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آنا لازمی ہوگی۔ پی سی بی کے کوویڈ 19 پروٹوکولز کے مطابق ان تمام کھلاڑیوں اور

اسپورٹ سٹاف کو اپنے پہلے کوویڈ 19 ٹیسٹ خود کروانے ہوں گے۔ پی سی بی ان تمام افراد کو اس ٹیسٹ کے واجبات بعد میں ادا کر دے گا۔

جن کھلاڑیوں اور اسپورٹ سٹاف کے پہلے کوویڈ 19 ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آئے گی انہیں کراچی آنے کی اجازت دی جائے گی، جہاں ان کی دوسری کوویڈ 19 ٹیسٹنگ ہوگی۔ دوسرے ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آنے پر یہ تمام افراد بائیو سیکیور ببل میں چلے جائیں گے۔

ان کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف کی صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی تیسری مرتبہ کوویڈ 19 ٹیسٹنگ کیمپ کے دوران کی جائے گی۔ ان تمام افراد کو ٹریننگ کے دوران کوویڈ 19 پروٹوکولز پر عمل کرنا ہوگا۔

شعبہ ہائی پرفارمنس سنٹر خواتین کرکٹرز کے اس کیمپ کے لیے اسپورٹ اسٹاف کی تقرری جلد کردے گا۔

اس دوران چند خواتین کرکٹرز نے لاہور میں این ایچ پی سی کے کوچز محمد یوسف، عتیق الزمان اور محمد زاہد کی زیر نگرانی ٹریننگ کا آغاز کردیا ہے۔

عتیق الزمان:

این ایچ پی سی کے فیلڈنگ کوچ عتیق الزمان کا کہنا ہے کہ وہ خواتین کھلاڑیوں کے فٹنس معیار سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ میں فٹنس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا اور ہماری خواتین کرکٹرز نے اپنی فٹنس کی بہتری پر بہت کام کیا ہے جو پاکستان کی خواتین کرکٹ کے لیے ایک حوصلہ افزاء عمل ہے۔

محمد زاہد:

این ایچ پی سی کے فاسٹ باؤلنگ کوچ محمد زاہد کا کہنا ہے کہ کسی بھی فاسٹ باؤلر کے لیے اس کا ردھم بہت اہم ہوتا ہے، ہماری خواتین کرکٹرز نیٹ پر تیز رفتار باؤلنگ کی جتنی پریکٹس کریں گی ان کے ردھم میں اتنی ہی بہتری آئے گی۔ محمد زاہد نے مزید کہا کہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے لیے ڈیوڈ ہیمپ کی تقرری ایک اچھا فیصلہ ہے اوران کے تجربے سے پاکستان کی خواتین کرکٹرز کو بہت فائدہ ہوگا۔

سدرہ نواز:

کرکٹر سدرہ نواز کا کہنا ہے کہ بلاشبہ نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر کی سہولیات میں ٹریننگ ان کی صلاحیتوں میں نکھار لاتی ہے مگر یہاں موجود ان نامور کرکٹرز کی کوچنگ کا یہ تجربہ نیا اور مفید ہے۔

عالیہ ریاض:

کرکٹر عالیہ ریاض کا کہنا ہے کہ فی الحال خواتین کرکٹ کے مکمل ڈومیسٹک سیزن کا آغاز نہیں ہوا مگر وہ ہائی پرفارمنس کیمپ کے آغاز سے قبل نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر میں ٹریننگ کرکے خود کو ردھم میں لانے کی کوشش کررہی ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4